یکم جون 2016ء

بینک بزرگ شہریوں کو بلاامتیاز سہولتیں فراہم کریں: اسٹیٹ بینک

بینک دولت پاکستان نے مائیکروفنانس بینکوں سمیت تمام بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ بزرگ شہریوں/ پنشنروں کو بلاامتیاز بینک کھاتے کھولنے اور اے ٹی ایم کارڈ، کریڈٹ کارڈ وغیرہ کی سہولتیں فراہم کریں۔ یہ بات اسٹیٹ بینک کے یکم جون 2016ء کو جاری کردہ سرکلر میں کہی گئی۔ اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ بزرگ شہری ہمارے معاشرے کا اہم اور ترجیحی طبقہ ہیں جن کے ساتھ خصوصی اور احترام کا برتاؤ ہونا چاہیے۔

مائکروفنانس بینکوں سمیت تمام بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے ملازمین سے اس سرکلر کی مکمل پابندی کو یقینی بنائیں تاکہ وہ بزرگ شہریوں/ پنشنروں کے ساتھ پیش آتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیں اور اسٹیٹ بینک کی ہدایات کی خلاف ورزی کی صورت میں بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962ء کی متعلقہ شقوں کے مطابق نمٹا جائے گا۔

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ اسٹیٹ بینک کو ایسی شکایات موصول ہوتی رہی ہیں کہ بعض بینک بزرگ شہریوں/ پنشنروں کو کسی نہ کسی بہانے سے بینک کھاتے کھولنے اور اے ٹی ایم کارڈ، کریڈٹ کارڈ وغیرہ کی سہولتوں کی فراہمی سے گریزاں تھے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے اس طرح کے امتیازی برتاؤ کو سنجیدگی سے دیکھا گیا ہے۔

***